سروے آف پاکستان

ڈائریکٹوریٹ آف فوٹو گرامیٹری اور ریموٹ سینسنگ

فیض آباد، راولپنڈی

نا قابل استعمال سامان کی نیلامی

ہر خاص وعام کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ ادارہ ہذا نا قابل استعمال سامان "جہاں ہے جیسے ہے" کی بنیاد پر سر بمہر نیلامی مورخہ 26 دسمبر 2023 بوقت 10 بجے صبح دفتر ہذا راولپنڈی میں کر رہا ہے۔ خواہش مند حضرات / پارٹیاں درج ذیل شرائط کے تحت نیلامی / پیشکش کی بنیاد پر حصہ لے سکتے ہیں۔

:شرائط

1. نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اپنے ساتھ لے کر آئیں گے اور اسکی مصدقہ فوٹو کاپی دفتر ہذا میں نیلامی شروع ہونے سے قبل جمع کرائیں گے۔ اور اپنی حاضری کی تصدیق کرائیں گے۔
2. کامیاب شخص مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس دینے کا پابندہ ہو گا۔
3. نیلامی میں حصہ لینے والا ہر شخص مبلغ 10،000 /-روپے بطور ضمانت قبل از نیلامی جمع کرائے گا۔ جو کہ نیلامی کے بعد تین بالترتیب کامیاب حصہ لینے والے اشخاص کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کر دیئے جائیں گے۔ ضمانت کی رقم جمع نہ کرانے والے اشخاص کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہو گی۔
4. خواہش مند حضرات اپنی پیشکش سر بمہر لفافوں میں بند کر کے جمع کرائیں گے۔ جو کہ تمام حضرات اور بورڈ کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔ کسی کو بعد میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہو گی۔
5. کامیاب شخص کو نیلامی ختم ہوتے ہی فوری طور پر نیلامی کی رقم کا 25٪ موقع پر جمع کرانا ہو گا۔ بصورت دیگر دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ رقم کی پیشکش رنے والے شخص کو یہ پیشکش کی جائے گی۔ اگر دوسرا شخص بھی یہ رقم جمع نہیں کرواتا تو تیسرے نمبر پر سب سے زیادہ رقم کی پیشکش کرنے والے کو پیشکش کی جائے گی۔ واضح رہے کہ موقع پر 25٪ رقم کی ادئیگی میں ناکام رہنے والے شخص کا زر ضمانت بحق سروے آف پاکستان ضبط کر لیا جائے گا۔
6. نیلامی کی حتمی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر نیلامی کی رقم کا بقیہ 75٪ جمع کرانے کی صورت میں نیلامی والا سامان دیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے اداشدہ رقم بحق سروے آف پاکستان بھی ضبط کر لی جائے گی۔
7.. نیلامی کی حتمی منظوری سروے آف پاکستان کے تابع ہو گی۔ محکمہ کو اختیار ہو گا کہ کوئی وجہ بتائے بغیر نیلامی منظور / مسترد کر دے اور حکم نا منظوری کسی عدالت یا کسی فورم میں چیلنج نہ کیا جا سکے اور اس کی حثییت حتمی ہو گی۔
8. سروے آف پاکستان کے ملازمین (براہ راست یا بالواسطہ) اور نادہندہ کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہو گی۔ اگر بعد میں یہ بات ثابت ہو گئی تو محکمہ مناسب فیصلہ کرنے کا مجاز ہو گا۔
9. رقم کی پیشکش شرائط پڑھ کر، سمجھ کر مکمل آگاہی / دریافت، ہر غلط فہمی دور کر کے مکمل ذمہ داری سے کریں۔ بوقت نیلامی کوئی عزر / اعتراض قابل سماعت نہ ہو گا۔
10. مزید تفیصلات کیلئے سروے آف پاکستان کی ویب سائیٹ www.sop.gov.pk اور PPRA کی ویب سائیٹ www.ppra.org.pk ملاحظ کیجیے۔

11. نیلامی کے سامان کا معائنہ مورخہ 18-12-2023 تا 22-12-2023 دفتری اوقات کار میں کیا جا سکتا ہے۔ اس کے بعد معائنہ کی اجازت نہ ہو گی۔

نوٹ: کسی سرکاری تعطیل کی صورت میں مقررہ تاریخ کو نیلامی نہ ہونے کی صورت میں اگلے یوم کار پر ہو گی۔

المشتہر: غلام عباس ڈپٹی ڈائریکٹر

چیئرمین نیلامی بورڈ